# غیر معمولی اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ نوٹس اطلاع دی جاتی ہے کہ CALCORP لمیٹڈ ("کمپنی") غیر معمولی اجلاس عام بروز بدھ مورخہ 16 اکتوبر 2024 کو دوپہر 02:30 بجے بمقام C-18، بلاک 4، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور:**

1- کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

**خصوصی امور:**

1- کمپنی کے آپریٹنگ اثاثوں کی میسرز آپٹیمس لمیٹڈ کو مجوزہ فروخت کیلئے مندرجہ ذیل قرارداد بطور خصوصی قرارداد پر غور وخوض کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، ترمیم یا بلا ترمیم، منظور کی جائے۔

**قرار پایا** کہ کمپنی کے آپریٹنگ اثاثوں کی آپٹیمس لمیٹڈ کو مجوزہ فروخت، بنیادی مذاکرات میں پیش رفت اور آپٹیمس لمیٹڈ اور خریداروں کے مابین کمپنی میں 83.96 فیصد شیئر ہولڈنگ کی فروخت کے لیے اصولی مفاہمت کو مدنظر رکھتے ہوئے، منظوری دی جاتی ہے۔ تاہم، اس شرط کے ساتھ کہ واجب الادا قیمت ان آپریٹنگ اثاثوں کی موجودہ مارکیٹ قیمت سے کم نہیں ہوگی (جسے ایک خودمختار ویلیوایٹر کے ذریعے فروخت کے معاہدے پر دستخط کے وقت متعین کیا جائے گا)۔

ذیل میں ان آپریٹنگ اثاثوں کا خلاصہ 30 جون 2024 تک کی تفصیل کے لیے صرف شناخت کے مقصد کے تحت درج کیا گیا ہے:

| اثاثوں کی تفصیل | لاگت (روپے) | بک ویلیو (روپے) |
|---|---|---|
| گاڑیاں (مختلف میک اور ماڈل) | 165,650,000 | 155,677,708 |

**مزید قرار پایا** کہ کمپنی کے نمائندگان، جنہیں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مجاز قرار دیا ہے، انہیں مشترکہ طور پر اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کے آپریٹنگ اثاثوں کی آپٹیمس لمیٹڈ کو فروخت کے لیے ضروری دستاویزات، انتظامات اور معاہدوں کی تیاری کریں، حتمی شکل دیں اور ان پر عمل درآمد کریں اور مذکورہ لین دین کو مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔

2- **مزید قرار پایا** کہ کمپنی سیکریٹری اور ڈائریکٹر (مجاز شخص) کمپنیز ایکٹ 2017 کی تعمیل میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس ضروری قانونی ریٹرن فائل کرنے کے مجاز ہیں۔

**کوئی دیگر امور:**

1- چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت ٹھوس حقائق کا بیانیہ، جو غیر معمولی اجلاس عام میں زیر بحث آئیں گے، مذکورہ نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

حسب الحکم بورڈ
**محمد ظفر اقبال**
کمپنی سیکریٹری

**تاریخ: 25 ستمبر 2024ء بمقام: کراچی**

**نوٹس:**

**غیر معمولی اجلاس عام میں آن لائن سہولت کے ذریعے شیئر ہولڈرز کی شرکت**

ایس ای سی پی نے اپنی ہدایات کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ ویڈیو لنک کی سہولت کی فراہمی کا بھی بندوبست کریں گی۔ اسی مناسبت سے، ہمارے قابل قدر شیئر ہولڈرز کی صحت کے بہترین مفاد میں اور زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کیلئے کمپنی نے مذکورہ EOGM میں شرکت کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت کا بھی انتظام کیا ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ cosec@calcorp.com.pk یا واٹس ایپ نمبر 03218282632 پر ای میل بھیج کر اپنی درج ذیل تفصیلات رجسٹر کرائیں۔

| فولیو/ ایف ڈی رجسٹرار اکاؤنٹ نمبر | کمپنی کا نام | حامل حصص کی تعداد | نام | CNIC | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | CALCORP لمیٹڈ | | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ ان کی اسناد شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز، بشمول تمام تر درخواست کردہ تفصیلات شامل ہوں، کاروباری اوقات کے اختتام تک یا اس سے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی۔
شیئر ہولڈرز EOGM میں تجویز کردہ ایجنڈا آئٹمز کے لیے cosec@calcorp.com.pk پر اپنے تبصرے/ تجاویز بھی بھیج سکتے ہیں جس طرح EOGM میں زیر بحث لایا جائے گا، اور بعد ازاں اجلاس کی کاروائی کا حصہ بنایا جائے گا۔
مذکورہ بالا انتظامات کا مقصد ایک آن لائن سہولت کے ذریعے EOGM میں شیئر ہولڈرز کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانا ہے۔ شیئر ہولڈرز سے بھی درخواست ہے کہ وہ پراکسیز کے ذریعے اپنی حاضری کو مستحکم کیا جائے، تاکہ کورم کی ضرورت بھی پوری ہوسکیں۔

**شیئر ٹرانسفر کتب کی بندش**

کمپنی کی حصص منتقلی کتب مورخہ 09 اکتوبر 2024 سے 16 اکتوبر 2024 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہے گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور-A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں مورخہ 08 اکتوبر 2024 کو بالترتیب موصول ہونے والے فزیکل ٹرانسفرز کی صورت میں موصول ہونے والی منتقلیاں/ ایف ڈی ایس ٹرانزیکشن آئی ڈیز اجلاس میں شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے اور منتقلی کے مذکورہ بالا استحقاق کیلئے بروقت تصور کی جائیں گی۔

**اجلاس میں شرکت**

صرف وہی افراد، جن کے نام 08 اکتوبر 2024 کو کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں موجود ہیں، غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت، رائے دہی کا اہل ہوگا ممبر اپنی جانب سے شرکت' اور رائے دہی اختیار کرنے کے لئے دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسیز مؤثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس ہٰذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جائیں اور ان پر باقاعدہ مہر، دستخط اور گواہ ہونا ضروری ہے۔

**پراکسیوں کی تقرری کے تقاضے**

انفرادی کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔
پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہو جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے درست CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پیش کی جائیں گی۔
پراکسی غیر معمولی اجلاس عام کے موقع پر اپنا درست اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔
کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا، اگرچہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو۔

**فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا**

ایس ای سی پی نے اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے تحت تمام لسٹڈ کمپنیز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن 72 کی دفعات پر عمل کریں، جس کے تحت تمام کمپنیوں کو ایکٹ کے نفاذ کے چار سالوں کے اندر فزیکل فارم میں جاری کردہ شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا لازمی ہے۔ اس کے مطابق، فزیکل فولیو/ شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے کمپنی کے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اس مقصد کے لیے، شیئر ہولڈرز یا تو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے ساتھ سرمایہ کار اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں یا کسی بھی تسلیم شدہ بروکریج فرم کے ساتھ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ شیئر ہولڈرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں اگر انہیں اس سلسلے میں مزید معاونت یا رہنمائی کی ضرورت ہو۔

**پتہ کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ کو اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر مطلع کریں۔

**EOGM میں قانونی ضابطہ اخلاق**

کمپنیز ایکٹ 2017 کا سیکشن 215 میں شیئر ہولڈرز کا ضابطہ اخلاق درج ذیل ہے: شیئر ہولڈرز کو ایسے فیصلوں کے لیے براہ راست انتظامیہ سے رجوع کرنے یا اثر و رسوخ استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے جس کی وجہ سے انتظامیہ کے ہموار کام کرنے میں رکاوٹیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ قانون میں بیان گیا ہے کہ شیئر ہولڈرز ایسا مواد نہیں لائیں گے جس سے شرکاء یا احاطے کو خطرہ ہو جہاں EOGM منعقد ہو رہا ہو، خود کو EOGM کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں اور کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرنے کے طریقے سے کام نہیں کریں۔ مزید برآں، کمپنی کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 185 کے مطابق اپنی اجلاسوں میں اپنے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت ٹھوس حقائق کا بیانیہ:**

مذکورہ بیانیہ کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کے نوٹس میں درج خصوصی امور آئٹم نمبر 1 اور 2 سے متعلق ٹھوس حقائق کو بیان کرتا ہے۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 1 اور 2- کمپنی کے آپریٹنگ اثاثے کی فروخت:**

کمپنی کے مراسلہ مورخہ 28 فروری 2024 (یعنی ٹیک اوور ریگولیشن کے تحت ڈسکلوژر) کے تسلسل میں اور خریداروں اور آپٹیمس لمیٹڈ کے مابین کمپنی میں 83.96 فیصد شیئر ہولڈنگ کے حصول کے حوالے سے جاری مذاکرات/ اصولی مفاہمت کے پیش نظر، مذکورہ لین دین کے بندش سے قبل آپٹیمس لمیٹڈ کو کمپنی کے تمام آپریٹنگ اثاثے حاصل کرنا لازمی ہے، جس کی قیمت ان آپریٹنگ اثاثوں کی مارکیٹ قیمت سے کم نہیں ہوگی۔ ایسے مذاکرات کے سلسلے میں، آپٹیمس لمیٹڈ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور شیئر ہولڈرز سے ضروری منظوری حاصل کر رہا ہے تاکہ خریدار کے ساتھ حتمی معاہدوں میں داخل ہو سکے۔ اس انتظام کے پیش نظر کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس میں اپنے آپریٹنگ اثاثوں (یعنی گاڑیوں) کی آپٹیمس لمیٹڈ کو مجوزہ فروخت پر غور وخوض کیا اور اسے منظور کیا، جس کی قیمت ان گاڑیوں کی مارکیٹ ویلیو سے کم نہیں ہوگی، بشرطیکہ یہ شیئر ہولڈرز کی منظوری کے مطابق ہو۔ ان گاڑیوں کی مارکیٹ قیمت کا تعین ایک آزاد ویلیوایٹر کے ذریعے اس لین دین کے نفاذ کے وقت کیا جائے گا اور اسی کے مطابق ادائیگی کی جائے گی۔

**محمد ظفر اقبال**
کمپنی سیکریٹری

**تاریخ: 25 ستمبر 2024ء بمقام: کراچی**

CALCORP LIMITED